نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729   E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں فصلوں کی باقیات کی تلفی کا جائزہ لینے کے لئے اجلاس کا انعقاد۔سیکرٹری زراعت احمد عزیز تارڑ اور جوڈیشل واٹر اینڈ انوائرمنٹ کمیشن نمائندگان کی خصوصی شرکت

دھان کے علاقوں میں کاشتکاروں کو مڈھوں کی تلفی کے لئے جدید مشینری کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور 16 نومبر 2022: دھان کے مرکزی علاقوں کا سروے کر کے کاشتکاروں کو مڈھوں کی تلفی کے لئے جدید مشینری کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔آلودگی سے پاک زراعت کو فروغ دینے کے لئے کاشتکاروں کو آگاہی فراہم کی جائے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی نے سول سیکرٹریٹ لاہور میں فصلوں کی باقیات کی تلفی کے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت احمد عزیز تارڑ اور سموگ کی روک تھام کے لئے قائم جوڈیشل واٹر اینڈ انوائرمنٹ کمیشن کے نمائندگان مس حنا حفیظ اللہ اسحاق اور سید کمال علی حیدر نے خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر انجم علی نے بتایا کہ امسال اب تک دھان کے باقیات کو آگ لگانے کے 2269 واقعات رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ گزشتہ برس 3224 واقعات کو رپورٹ کیا گیا تھا۔امسال دھان کے زیر کاشت 8733 ایکڑ رقبے پر مڈھوں کو جلائے جانے کے واقعات ہوئے جبکہ گزشتہ سال کے دوران 11619 ایکڑ رقبے پر آگ لگائی گئی تھی۔انھوں نے مزید کہا کہ معزز ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں امسال دھان کی باقیات کو آگ لگانے والے 702 افراد کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا گیا جبکہ گزشتہ سال 1503 ایف آئی آرز کا اندرراج عمل میں لایا گیا۔کاشتکاروں کو آگاہی پیدا کرنے کے لئے صوبہ میں گاؤں کی سطح پر 22727 کمیٹیاں قائم کی گئی ہیں اور مساجد سے اعلانات بھی کروائے جا رہے ہیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر زرعی اطلاعات محمد رفیق اختر نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے پرنٹ،الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کا موثر استعمال کیا جا رہا ہے۔اب تک محکمہ زراعت کا شتکاروں کی آگاہی کے لئے 1 لاکھ سے زائد لٹریچر کی کاپیاں بھی تقسیم کی گئی ہیں۔صوبائی وزیر زراعت کو ڈائریکٹر جنرل فیلڈ محمد اکرم نے بریف کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ زراعت اب تک 1075 ہیپی سیڈرز کاشتکاروں کو فراہم کر چکا ہے۔اس موقع پر وزیر زراعت نے ہیپی سیڈرز کی استعداد کار کو ریورس انجنیئرنگ کے ذریعے مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ نے کہا کہ دھان کے مڈھوں کی تلفی کا حل میکنا ئزیشن کے استعمال میں ہے۔سیکرٹری زراعت نے ڈائریکٹر جنرل زراعت فیلڈ کو دھان کے علاقہ جات میں درکار ہیپی سیڈرز کی تعداد اور فنڈز کے متعلق رپورٹ جمع کروانے کی ہدایت کی۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت نے جوڈیشل واٹر اینڈ انوائرمنٹ کمیشن کو دھان کی باقیات کو آگ لگانے والے افراد کو لینڈ ہولڈنگ کے حساب سے جرمانے کی تجویز دی تاکہ چھوٹے کاشتکاروں کو ریلیف مل سکے۔اس موقع پر جوڈیشل کمیشن کے نمائندگان نے کہا کہ وہ قصور، چیچہ وطنی اور ساہیوال کے علاقوں کا دورہ کر کے دستیاب پانی میں آرسینگ کی مقدار کا بھی جائزہ لے رہے ہیں تاکہ سموگ کے کنٹرول کے ساتھ صاف پانی کی دستیابی کو ان علاقوں میں یقینی بنایا جائے۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی ملک محمد اکرم، ڈائریکٹر جنرل زراعت فیلڈ محمد اکرم، ڈائریکٹر جنرل زراعت ریسرچ محمد نواز خان میکن، ڈائریکٹر جنرل زراعت کراپ رپورٹنگ عبدالقیوم اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆